لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰہِ

۷۸۶ ———— ۹۲

وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ

جوہرِ سلیمانی

مُرتبہ

مولانا غوثوی شاہ

سجادہ نشین سلسلہ

خلف و جانشین حضرت صحوی شاہ صاحبؒ

صحویہ غوثیہ کمالیہ

طباعت بار اوّل ۲۹ ربیع الثانی ۱۴۱۵ھ

بموقعہ عرس مبارک حضرت سیدی مچھلی والے شاہؒ

ناشر: اِدارہ النور بیت النور 845-3-16 چنچلگوڑہ حیدرآباد

۵۹۲ ———————— ۷۸۶

قارئین ۔ ہماری اس کوشش کا مطلب یہ نہیں کہ آپ عمل عملیات ہی کو سب کچھ سمجھنے لگو بلکہ ہمارا مقصد تو یہ ہے کہ آپ اللہ ہی کو اللہ (حاجت روا) سمجھیں اور اپنے ہر شعبۂ حیات میں اُسی سے مدد طلب کریں وہ ہمارے ہر حال سے واقف ہے، لہٰذا ہم ہر آن اُسی سے لَو لگائے رکھیں، اور توبہ و استغفار کرتے رہیں، اور اوّل و آخر درود شریف کیساتھ "وسیلۂ محمدی" سے دعاء مانگتے رہیں ... نماز کی پابندی کریں، اپنے ماں باپ بھائی، بہن، اور رشتہ دار و ... دوست پڑوسی کا خیال رکھیں، حسب ضرورت ان کی ہر طرح مدد کرتے رہیں اور ہمیشہ اپنے آپ کو گنہگار و بدکار سمجھتے ہوئے خدا سے مغفرت طلب کرتے رہیں۔ اور بے نمازی اور غلط عملیات کرنے والوں کے پاس جاکر اپنا ایمان خراب مت کریں۔ اللہ آپ کو اور مجھکو توفیق دے اور اس کتاب سے آپ کو فائدہ پہنچائے۔

فقط دعاگو
غوثوی شاہ
خلف و جانشین حضرت پیر صحوی شاہؒ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۷۸۶ — ۹۲

برائے حفاظت | سورہ آمن الرسول تا علی القوم الکافرین تک پڑھ کر دم کریں۔

برائے حصول اولاد | ★ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ پڑھیں

اور اس آیت کو بھی ۱۲۱ بار پڑھیں ساتھ اول و آخر درود شریف کے۔

★ رَبِّ لَا تَذَرْنِي فَرْدًا وَأَنتَ خَيْرُ الْوَارِثِينَ

بدخوابی یا گھبراہٹ میں سوتے وقت: تین بار پڑھ کر دم کریں

لَهُمُ الْبُشْرَىٰ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ لَا تَبْدِيلَ لِكَلِمَاتِ اللَّهِ ذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ

دفیعہ سحر: جس شخص پر کسی نے سحر یا جادو کیا ہو تو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈالیں یا طشتری پر لکھ کر پلائیں۔

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ الْمُفْسِدِينَ وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ۔

سردی کے بخار کیلئے | بِسْمِ اللَّهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَّحِيمٌ پڑھ کر دم کریں۔

دشمن یا مصیبت میں یا خوف کے عالم میں | فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ

اسقاطِ حمل کا اندیشہ: اگر حمل گر جانے کا خوف ہو تو (فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین اللہ یعلم ما تحمل کل انثی وما تزداد کل شیٔ عندہ بمقدار) لکھ کر موم جامہ کر کے پیٹ پر باندھیں تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

ہر مرض اور ہر درد کا علاج: مقامِ مرض پر ان آیتوں کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا

تسبیح برکت: سیدنا حضرتِ امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ یہ چار تسبیحات باقیات الصالحات ہیں بحضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو شخص فرض نماز کے بعد یہ تسبیحات ۳۰ مرتبہ پڑھے گا حق تعالیٰ اسکو دشمن کے شر سے اپنی حفاظت میں رکھے گا۔ اور آگ میں جلنے سے اور پانی میں غرق ہونے کنویں میں گرنے اور تمام درندے جانوروں اور ہر قسم کے بلیات سے محفوظ رہے گا۔ (انشاء اللہ تعالیٰ)

وہ تسبیح یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

نماز میں اگر سہو زیادہ ہو تو

سیدنا حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ
جس شخص کو نماز میں بہت زیادہ سہو ہوتا ہو وہ پاخانہ میں
داخل ہونے سے پہلے یہ پڑھے۔
بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ اعوذ باللّٰہِ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِیْثِ المخبث
الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ط -

حصول مقاصد کے لئے وَ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ
اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَاد " پڑھے اور سو مرتبہ یہ آیت بھی پڑھے
لَاحَوْلَ وَ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اول ۹ آخر ۱۱ مرتبہ پڑھیں

حصولِ عزت و ہر حاجت کے لئے: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
سُبْحَانَکَ الْقَادِرُ الْقَہَّار القوی کافی لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
یَا حَیُّ یَا قَیُّوْم یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ
اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم ؛ ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھا کریں

دفعیہ از جنات: اگر کسی شخص پر جن کا اثر ہو یا دیوانگی کا عارضہ ہو تو
اس کے بائیں کان میں تین مرتبہ کہیں " شیخ عبدالقادر جیلانی "
جن بھاگ جائے گا۔ اور دیوانگی کا اثر جاتا رہے گا۔

شیر یا کتے کا حملہ | وَكَلْبُهُم بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيدِ . پڑھے

بچھو جھاڑ : اگر کسی شخص کو زہریلے جانور بچھو وغیرہ نے کاٹا ہو تو جس جگہ کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتے ہوئے ایک سانس میں یہ آیت ۷ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

★ وَاِذَا بَطَشْتُم بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ .

ناف کے ٹلنے پر : ★ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

ظالم کو شہر بدر کرنا : اگر کسی ظالم کو شہر بدر کرنا ہو تو ہر روز سات دانہ گندم کچی سرخ پر ایک بار پڑھ کر کنوئیں میں ڈالیں ۷ روز تک یہ عمل کریں یاد رہے کہ ناجائز جگہ پر یہ عمل نہ کریں —•

وَلَقَدْ خَلَقْنَا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

کشائش رزق : ★ اللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ . درود شریف کے ساتھ ۱۰۱ مرتبہ پڑھے۔

نافرمان اولاد کے مطیع ہونے کے لیئے : حسب ذیل آیت کو ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھا کرے اور ذُرِّيَّتِيْ لفظ پر اپنی اولاد کا خیال کرے۔

رَبِّ اَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ .

حروفِ مقطعات : حروفِ مقطعات کو پاس رکھنے کے اس کی برکت سے تمام آفات سے حفاظت رہتی ہے رزق ملتا ہے اور دشمن چور سانپ اور بچھو درندوں اور حشرات الارض سے بھی محفوظ رہتا ہے۔

الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ والقرآنِ المجید نٓ والقلمِ وما یسطرون

پتھری : یہ کلمات لکھ کر ناف پر باندھیں پیشاب کھل جائے گا اور انشاء اللہ پتھری بھی کٹ کر نکل جائے گا۔

رَبُّنَا اللّٰہُ الَّذِی فِی السَّمَآءِ تقدس اِسْمُکَ اَمْرُکَ فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ کَمَا رَحْمَتُکَ فِی السَّمَآءِ فادْخل رَحْمَتَکَ فی الارض واغفر لنا ذنوبنا وخطایانا انتَ رَبُّ الطیبین۔ فَانْزِلْ شِفَاءً مِنْ شِفَاءِکَ وَرَحْمَۃً مِن رحمتِکَ علیٰ ھٰذا ....

بچہ کی عمر درازی کے لیے : چار تار کا نیلہ تاگہ لیں اور دس تاگے ملا کر بل دے لیں اور اس بٹے ہوئے دورے میں ۱۲ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر سورۂ مزمل ایک بار دم کرکے لڑکے کے گلے میں ڈالیں انشاء اللہ لڑکے کی عمر دراز ہوگی۔

دفیع دشمن دشمنوں کی دفیعہ اور حاسدوں کے شر سے بچنے اور حفاظت میں رہنے کے بعد عشاء کی نماز کے بعد ۱۲۵ مرتبہ اور دوسری نمازوں کے بعد ۲۵ مرتبہ یہ دعاء حدیث نبوی کی پڑھیں۔

"اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ"

برائے دفع آسیب: نیلے ڈورے میں ۷ گرہیں لگائیں اور ہر گرہ پر سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور گلے میں ڈالیں انشاءاللہ آسیب بھاگ جائے گا اگر نہیں ہے تو حفاظت میں رہے گا۔

التائبون العابدون الحامدون السائحون الراکعون الساجدون الآمرون بالمعروف والناھون عن المنکر والحافظون لحدود اللہ وبشر المومنین۔

عمل محبت: کسی کو محبت میں دیوانہ کرنا ہو تو یہ فلیتہ چراغ میں جلائے"

۱۲ و	رہ	۱۳ و
ور ا	ع ۷	۶ ۶
و یل	۲۱۱	و ۱ ۷

ظالم کو مسلوب الفہم کرنا :- دشمن کو مسلوب الفہم کرنا ہو تو یہ آیت شنبہ کے دن کسی مٹھائی پر لکھ کر اسکو کھلادیں

وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ وَخُذُوْا مَا اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاسْمَعُوْا قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِھِمُ الْعِجْلَ بِکُفْرِھِمْ قُلْ بِئْسَمَا یَاْمُرُکُمْ بِہٖ اِیْمَانُکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ ۱۱/۱

چاند گہن یا سورج گہن کے وقت :

رَبِّیْ وَرَبُّکَ اللّٰہُ
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِ ھٰذَا الشَّھْرِ

" اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ "

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِہٖ وَاَسْئَلُکَ مِنَ الْخَیْرِ الَّذِیْ ھُوَ بِیَدِکَ کُلُّہٗ

طاقتور دشمن کو زیر کرنے کیلئے : بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ

آنکھوں کے لیئے! حسب ذیل آیت کو چینی کے برتن میں رکھ کر پانی سے دھو کر شیشی میں رکھ لیں اور روزآنہ آنکھوں کو اس میں تھوڑے سے پانی سے دھو دیں انشاء اللہ آنکھوں کو فائدہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللہ نور السمٰوٰت والارض وَیَضْرِبُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ واللہ بکل شیءٍ علیم بحق محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم ٥

دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لیئے

اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

٥ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وکفٰی باللہ حسیبا بحق محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم ٥

احتلام نہ ہو: سوتے وقت سورہ طارق مِنْ قُوَّۃٍ وَّلَا نَاصِر تک ۱۱ بار پڑھ کر سو جائیں۔

دشمن سے بچاؤ کے لیئے: یا سبوح یا قدوس یا غفور یا ودود ؛

گمشدہ مال کی بازیابی "یا جامع الناس لیوم لا ریب فیہ اجمع علی ضالتی"

بانجھ عورت کے لیئے ؛ ایک کاغذ پر ا ل ل ہ ر ح م ن لکھ کر گلاب اور قدرے مشک سے حل کر کے عورت کو پلائیں ۔
اور یہ اسم مبارک لکھ کر بانجھ عورت کے گلے میں ڈالیں ۔
(آزمانے اس درخت پر لگائیں جس درخت پر پھل نہ آتے ہوں ضرور اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور پھل آجائیں گے)

ج ح ھ ھا ھا

توسیع رزق یا حصولِ ملازمت وَمَن یَتَّقِ اللہ یَجْعَل لَہٗ مَخْرَجًا یَرزُقہ من حیث

لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ بکل شیئ تدبیر ۔ $\frac{۲۸}{۱۷}$

ایک بار سورۃ فاتحہ ایک بار سورۃ اخلاص اور ایک بار درود شریف پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں ۔

نقشِ استخارہ

۷۸۶

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی رح کے نام سے فاتحہ دے کر

۱	۸۸۳	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۸۸۲
٦	۹	۸۸۵	۳
۸۸۴	۴	۵	۱۰

نقشِ مذکورہ کو لکھیں لکھ کر سر کے نیچے رکھیں جس نیت سے رکھیں گے اس کا جواب خواب میں ملے گا

تسخیر وفتوحات کے لیئے: یہ نقش روزانہ ۵ عدد لکھا کریں۔

٦	١	٨
٧	٥	٣
٢	٩	٤

محفوظ از شرِ عدو: یہ آیت لکھ کر بازو پہ باندھیں اگر کوئی شخص اس پہ جادو کرے گا تو جادو اس کا اثر نہ کرے گا۔

یہ آیت

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: وَاُمْلِی لَھُمْ اِنَّ کَیْدِیْ مَتِیْن بحق محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم۔

دشمنوں کے شر سے بچنے کیلئے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ: وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ بحق محمد وآلہٖ وصحبہٖ وَسَلَّمْ۔

برائے بربادی ونقصان: دشمنوں کو تباہ و برباد نیست و نابود کرنے

کے لئے اس آیتِ کریمہ کا وِرد کیا کریں اور دشمن کا تصوّر کر کے سامنے پھونکیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝ وَیَسۡـَٔلُوۡنَکَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ یَنۡسِفُہَا رَبِّیۡ نَسۡفًا فَیَذَرُہَا قَاعًا صَفۡصَفًا لَّا تَرٰی فِیۡہَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمۡتًا[16] بحق محمد و آلہٖ و صحبہٖ وسلم۔

دُعائے خسوف

چاند گہن یا سورج گہن کے وقت

بوقت گہن۔ حکم رسالتمآب صلعم "پس جب تم گرہن کو دیکھو تو خدا سے دُعا کرو۔ تکبیر کہو۔ نماز پڑھو۔ اور خیرات کرو۔

سورج گہن کے چھٹنے پر آپ نے کہا۔

اِنَّ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ اٰیَتَانِ مِنۡ اٰیَاتِ اللّٰہِ لَا یَخۡسِفَانِ لِمَوۡتِ اَحَدٍ وَّلَا لِحَیٰوتِہٖ فَاِذَا رَاَیۡتُمۡ ذٰلِکَ فَادۡعُوا اللّٰہَ وَکَبِّرُوۡا وَصَلُّوۡا وَتَصَدَّقُوۡا" (بخاری و مسلم)

بے شک سورج اور چاند خدا کی دو نشانیاں ہیں۔ نہ تو کسی کی موت سے ان میں گہن لگتا ہے اور نہ کسی کے پیدا ہونے سے پس جب تم دیکھو گہن لگا ہے تو خدا سے دعا کرو۔ تکبیر کہو نماز پڑھو اور خیرات کرو

صدق اللہ و رسولہ النبی الکریم

اور یہ تسبیح پڑھیں۔

سُبۡحَانَ اللّٰہِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اللّٰہُ اَکۡبَرُ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

برائے حفاظت بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔
یَا دَایِمُ بِلاَ فَنَاءٍ وَ یَا قَائِمُ بِلاَ زَوَال
وَ یَا اَمِیْرُ بِلاَ وَزِیر ۔۔۔ ٥

حصولِ نعمت

وَلَکُمْ فِیْھَا مَا تَشْتَھِیْ اَنْفُسُکُم وَلَکُم فِیْھَا مَا تَدَّعُوْنَ ۔

مقصد ذہن میں رکھ کر پڑھیں۔

کشائشِ رزق :- بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یَا دَائِمُ العِزِّ وَالْمُلْکِ وَالْبَقَا
یا غریب نواز
یَا ذَا المَجْدِ وَالْعَطَایَا یَا وَدُوْد ذُوالْعَرْشِ الْمَجِیْد یَا فَعَّالُ لِمَا یُرِیْد

اولیاء اللہ کی ملاقات : جو شخص اولیاء اللہ سے ملنے کا خواہشمند ہو، یہ آیت بکثرت پڑھے۔
اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ اِنَّ اللّٰہَ
لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادُ ۔

عملِ غوثوی فتوحات کے لیے:
رَبَّنَا اَفْرِغْ عَلَیْنَا فَضْلً وَّنِعْمَۃً
وَانْصُرْنَا عَلَے الْقَوْمِ الْکَافِرِیْنَ ۔

کافروں سے بچنے کے لئے:

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۔

زہر اثر نہیں کریگا اور حفاظت میں رہیں گے:

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم ۔
بسم اللّٰہ خیر الاسماء

بسم اللّٰہ رب الارض ورب السماء بسم اللّٰہ الذی لا یضر مع اسمہٖ شئ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم ۔

نقصان نہیں پہنچا گزند نہیں پہونچا:

فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۔

آلِ عمران ۴/۹

آیت قطب:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔
ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَاۗىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَاۗىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُھُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ

۴/۷

شَیْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ط یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

دشمنوں کے لئے: الف سے طا کے حروف مفردہ ابجد ایک روٹی پر لکھ کر سورہ رعد پڑھ کر دم کریں اور اس روٹی کے پانچ ٹکڑے کر کے کتوں کو کھلائیں اور کھلاتے وقت یہ کہیں کھاؤ فلاں بن فلاں کا گوشت اس کے ہاتھ پیر چبا ڈالو اس عمل سے دشمن کے جسم میں بڑے بڑے پھوڑے نکل آئیں گے۔ سارا بدن پھوٹ پڑے گا۔

بغیر حاضرات کے جن کو جلائیں: یہ نقش لکھ کر فلیتہ بنائیں اور دھنی ہوئی روئی میں لپیٹ کر ایک ہی جگہ میں جلائیں۔ کورے چراغ میں بلوں کا خالص تیل میں روشن کر کے آسیب زدہ کے بالمقابل رکھیں۔

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۰	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خواص آیت قطب : ثُمَّ اَنزَلَ عَلَیْکُمْ سے عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ تک (سورہ آل عمران)

① ہر روز ۴۰ بار فجر کے بعد پڑھ کر جو خدا سے مانگو ملیگا۔

② اگر کسی حاکم کے پاس جانا ہو تو ۲ رکعت بہ نیّت قضائے حاجت پڑھ کر اس آیت کو مصلّے پر بیٹھے بیٹھے ۳ بار پڑھیں اور مصلّے پر دم کر کے اپنے دونوں ہاتھ منہ پر پھیریں۔

③ آسیب زدہ کے بائیں کان میں دم کریں آسیب بھاگ جائے گا

④ : اگر خدانخواستہ بچھو وغیرہ کاٹے سید ھے کان میں دم کریں ٹھیک ہو جائے گا۔

⑤ : لڑائی کے میدان میں فتحیابی کے لیئے ۱۵ مرتبہ پڑھیں۔

⑥ دشمن کے گھر پر ۴ مرتبہ پڑھ کر دم کریں دشمن تباہ ہوگا۔

⑦ دشمن کے سامنے ۱۲ مرتبہ پڑھنے سے دشمن مطیع ہوگا۔

⑧ ۷ مرتبہ پڑھ کر محفل میں بیٹھیں سب عزت کریں گے۔

⑨ ایک ہزار بار روزانہ پڑھنے سے غیب سے رزق ملتا ہے

بواسیر کے لیے : اس تعویذ کو ایک سادہ کاغذ پر لکھ کر ۵ ماشہ چاندی کے خول میں دائیں ہاتھ کے گٹّے کے اوپر باندھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ یا شفیق یا رزاق

یا محیط یا مجیب یا مقسط یا معان یا مذل سبحانک

لا الٰہ الا انت الٰھی بحرمت حضرت شمس تاذی سوار قدس سرہٗ

خواب بندی: ۲۶ تاریخ کو یہ حروف بعد نمازِ عشاء زرد کاغذ پر تحریر کر کے بھاری پتھر کے نیچے دبا دیں اور دوسرے روز نکال کر جلا دیں اور دوسرا لکھ کر دبا دو۔ تیسرے روز اسے بھی جلا دو۔ جب تک نقش دبا رہے گا نیند نہیں آئے گی۔

ا د ہ ر ح ط ر ل م س ع ص و ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ

فلاں بن فلاں کی خواب بند ہو جائے۔

ازدواج کے لیے: جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو سورہ طٰہٰ لکھ کر ریشمی کپڑے پر لکھ کر بازو باندھیں اور طٰہٰ لکھ کر پانی سے غسل دیں۔ بہت جلد نکاح ہو جائے گا۔

ادائیگیِ قرض: اَللّٰھُمَّ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ہر نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھیں۔

ایضاً: یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِحُرْمَۃِ وَجْھِکَ الْکَرِیْمِ اِقْضِ عَنِّیْ دَیْنِیْ

ایضاً: یہ تسبیح کثرت سے پڑھتے رہیں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ

قوّتِ حافظہ کے لئے: یا قادر یا قائمُ یا قویُ یا مقتدر پڑھیں

۷۸۶ ———— اور یہ تعویذ لکھ کر باندھ دیں۔

قُل	زُو	مَن	علیم
یشآءُ	واسِعٌ	اِنَّ الفضلَ	واللہ
واللہ	یختصُ	العظیم	بیدِ اللہ
الفضلِ	یوتیہِ	من یشاء	برحمتہٖ

حصول ملازمت یا نکاح نقشِ غوثوی

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

برائے دریافت امور پوشیدہ

پیر کے دن روزہ رکھ کر شب میں باوضو سوئے اور منگل کی صبح کو طلوعِ آفتاب سے پہلے ان آیتوں کو ایک سبز کپڑے پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر عود و عنبر سے دھونی دیں اور ایک دن

بند کردیں اس طرح کہ اسے کوئی نہ دیکھے اور نہ چاند و سورج سامنا ہو پھر چہارشنبہ کی رات کو عشاء کی نماز پڑھ کر اس ڈبہ کو ہاتھ میں لے کر یہ دعا پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یَا عَالِمُ الْخَفِیَّاتِ فِی الْاُمُوْرِ یَا مَنْ ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اُطْلِعْنِیْ عَلٰی کُلِّ مَا اُرِیْدُ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ اور اللہ کا ذکر کرتا کرتا سو جائے انشاء اللہ اسی رات خواب میں کوئی شخص آکر بتلائے گا اور اگر اس شب کو نہ آئے تو جمعرات کو روزہ رکھ کر شب جمعہ ہی اس طرح کرے اس بار ضرور مطلب پورا ہوگا۔

شفایابی مرض: یہ دعا مریض پر ۷ بار پڑھ کر دم کریں

اَعُوْذُ بِعِزَّتِ اللّٰہِ وَ قُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ بحق محمد و آلہ و صحبہ وسلم۔

گریہ اطفال: ان اسماء کو لکھ کر گلے میں باندھیں۔

ھئی ھئی ۲ ھئی ۳ ھئی ۴ ھئی ۵ ھئی ۶ ھئی ۷

بواسیر خونی و بادی: سات کاغذوں پر لکھیں اور ایک کاغذ موم میں لپیٹ کر گولی بنا کر صبح نہار منہ کھائیں

ح ٨ ١١ ص ط ط ١ ع ١١ ١١ ط م ھ

٧٨٦

٨	١١	٨٨٣	١
٨٨٢	٢	٧	١٢
٣	٨٨٥	٩	٦
١٠	٥	٤	٨٨٤

نقش استخارہ لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو جائیں۔

۷۸۶ - ۹۲م

دفیعہ سحر: اگر آسیب کا اثر گھر میں ہو تو آیات ذیل ۲۵ - ۲۵ مرتبہ ۴ کیلوں پر دم کر کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جادو ٹونے سب دفع ہو جائے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط انھم یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا ہ

دفیعہ سحر: حسب ذیل نقش کو تین کاغذوں پر لکھ کر فلیتہ بنائیں اور روئی میں لپیٹ کر کورے چراغ میں کڑوا تیل ڈال کر مریض کے پاس اوپر کی طرف سے روشن کریں ایک دن ناغہ سے تین فلیتے روشن کریں۔ انشاء اللہ آسیب جل جائیگا۔

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

فرعون قارون ہامان شداد ابلیس علیہ اللعنۃ
واتباع ایشاں اگر نہ گریزند سوختہ شود

دفع سحر: آیاتِ ذیل لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں اور پانی پر دم کر کے پلائیں اور اگر غسل دینا نہ ہو تو الٰہی آیات کو پانی پر دم کر کے مریض کو نہلائیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط فلما القوا قال موسیٰ سے مفسدون تک : ۱۱/۱۳

اور یحق اللہ الحق بکلمتہ ولو کرہ المجرمون ۔ اور پورہ سورہ فلق وسورہ ناس ۔

محبت کا سرمہ : آکاس بیل قدرے روئی میں لپیٹ کر اتوار کی رات کو ایک بجے چنبیلی کا تیل جلاوے اور سہاگ کا عطر اور بڑا پان اور پھول چراغ کے پاس رکھے اور کاجل پا کر آنکھوں میں لگائے جس کے سامنے جائے وہ عاشق ہو جائے ۔

برائے حفاظت دعا ہے : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حدیث نبوی اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ عَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ مَا شَآءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَآءْ لَمْ یَکُنْ وَاَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر وَاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۔

دعوت نکاح : وَاَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْکَ رِجَالًا وَّعَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ کُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ ۔ پڑھ کر مٹھائی پر دم کر کے کھلائیں ۔ محبت پیدا ہو جائے گی انشاء اللہ تعالٰے ۔

واسطے بستہ کہ : اگر چاہے کہ عورت بستہ ہو جائے مرد کمر میں باندھ کر جماع کرے نقش یہ ہے :

من	و	د	ر
و	وی	ج	۶
ی	عد	ج	۶
اعو	طح	۳	ھ

یہ اعداد نقش مذکور کے نیچے لکھیں ۔

١١ ٥ ٩ ١١١ ھ ھ ٦ ١١

زبان بندی و جادو کے اثر کو زائل کریں ؛

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

٦ ل	ط ٩	٢
ج ٣	لا ح	دد
٨ ے	١١	٩ ٦

و اذکروا نعمۃ اللہ الذی ... میثاقہ الذی

درد سر کے لئے مجرب ہے : تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں ۔

بن میں جائے بندری بیری کھائے
کھڑے محمدؐ ہانک دیں آدھا یا پورا درد سر جائے

١٠٨

برائے بخار ①

مریض پر پڑھ کر پھونکیں

شیر خدا کا لاڈلہ نہ رہے بخار نہ رہے جاڑا
یا حسینؑ ابن علیؑ یا حسین ابن علی یا حسین ابن علی
یا شفاء اللہ یا شفاء اللہ یا قوی
رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ۝

استخارہ خواب میں

اس نقش کو سرہانے رکھ کر سو جائیں اور دل میں اپنے مطلب کو جمائے رکھیں یعنی جو کچھ سوال ہے خیال کرے ۔ نقش دوسرے صفحہ پر ہے

۷۸۶ نقشِ استخارہ

ص	ا	ل	ا
ا	ص	م	ل
ل	ا	ص	ا
م	ل	ا	ص

۱۶	۱۹	۲۲	۹
۲۱	۱۰	۱۵	۲۰
۱۱	۲۴	۱۷	۱۴
۱۸	۱۳	۱۲	۲۳

زنجیرہ برائے دوکان کے کاروبار وغیرہ کے لیے؛

کھولن کھولن وِتا کلونت تراسا وا کُل الاماّ

وتحبّنا المال و حبّا جمّعہ

کھولو اس دوکان کے کاروبار لے کر دھرم کا کانٹا چکر سے

کھولنے لاگا سو ئیگا پاپ جاگے دھرم

تخت پر بیٹھے میراں صاحب جُبّہ پہنے میراں صاحب

تین سو ساٹھ سنگ چلو اس دکان کے بند خلاص کرو

اس دکان کی مشکل آسان کرو ان لا لاو

دین لاؤ مال لاؤ گِراک لاؤ فتوحات لاؤ

بحکم محبوبِ سبحانی قطبِ ربّانی سید شیخ عبدالقادر جیلانی رض

شیأً لِلّٰہ باِذنِ اللہ اس دوکان کی مدد فرمائیے۔

فی سبیلِ اللہ بحق لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

اور ان اسماء کو بھی پڑھیے

{ یا ربّنا الرحمٰن المستعان یا مقصود یا واسع یا ولیّ یا واحِ }

زنجیرہ دوکان کی ترقی کے لیے

اللہ جیسے بادشاہ۔ محمدؐ جیسے وزیر۔ خواجہ جیسے دل بند۔ پیر جیسے دستگیر۔ فلاں بن فلاں کے چاروں کھوٹ کھلے۔ بارہ ۱۲ برج کھلے۔ ۹ ستارے کھلے بخت خفتہ کھلے رجعت کھلے افلاس کھلے۔ تنگدستی کھلے ہاٹ کھلے دوکان کھلے بکراک کھلے۔ ہر کار کھلے۔ ہر کار کھلے۔ ہر کار کھلے۔ دہائی خواجہ خضرؑ کی۔ دہائی خواجہ الیاس کی۔ دہائی صوفی سرمد کی۔ دہائی آپ کی۔ دہائی اللہ کی۔ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ فقط

برائے جدائی: کھانے کے نمک کے سات کنکروں پر دونوں شخصوں کے نام مع والدہ و حکم پڑھ کر نمک کو انگار میں ڈالیں۔ صرف اچھے مقصد کے لئے استعمال جائز ہے)

آیت: وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ تا فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ

پڑھ کر یہ حکم بھی ساتھ پڑھیں۔

الْبُغْضُ وَالنِّفَاقُ وَالْعَدَاوَةُ بَيْنَ فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں پریشان گردد۔

وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ بِھَا (قرآن)

(اچھے نام اللہ تعالیٰ کے ہیں تم اُن ناموں کی مناسبت سے اللہ کو پکارو
(مدد ہوگی)

فیضانِ اسماء

عملِ غوثوی

غلبۂ شہوت کے وقت "یا ھادی" پڑھیں۔
خیالاتِ فاسدہ کے وقت "یا لطیف" پڑھیں۔
اور کھانے پینے کی خواہش کیوقت "یا قوی" پڑھیں۔
اور تنگی میں ـــــــ "یا فتاح" پڑھیں۔
نفسانی خواہش اور شیطانی وسوسہ کیوقت
"یا ذا القوۃ" پڑھیں
کسی تکلیف یا اضطراب کیوقت "یا باسط" پڑھیں۔
اور دین کا کام چاہو تو "یا قوی یا عزیز یا علیم یا قدیر۔
یا سمیع یا بصیر۔ پڑھتے رہیں۔
اور دشمن ستائیں تب "یا خافض" پڑھو۔
اور ہر بلا و ہر آفت اور ہر چیز سے حفاظت کے لیے
ان اسماء کا ورد کر کے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے آپ
پر ہاتھ پھیرا لیں اور دوسروں کو بھی دم کریں۔ اور اسکوٹر یا
موٹر یا کوئی گاڑی یا سواری ہو یا خطرہ کی جگہ گھر ہو

ایسی جگہ بھی ان اسمار کو دروازہ بند کر کے لکھدیں چاہو تو کاغذ پر لکھ کر لگادیں " اسمار حفاظت یہ ہیں :

یا اللہُ یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل پڑھتے رہیں

اسماء کو ایک سو اکیس مرتبہ پڑھتے رہیں اول و آخر درود شریف ۱۱ ــ ۱۱ مرتبہ پڑھیں اور اپنے مقصد کا اظہار خدا سے کر کے مدد چاہیں اور ہو سکے تو دو رکعت نماز پڑھ کر اپنے مطلب کا اظہار کریں۔

اور ان اسمار کو ہر مقصد کے لیے پڑھا جاسکتا ہے۔

یَاوَاحِدُ یَا اَحَدُ یَاوَاجِدُ یَاجَوَّادُ اَنْفَحْنَا مِنْكَ بِنَفْحَةٍ خَیْرٍ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ "

نقش حدیث نبویؐ : درد کے مقام پر ہاتھ رکھکر مع بسم اللہ ۷ بار پڑھکر مقامِ درد پر پھونکیں ۔

نقش اور آیت یہ ہے ۔

اَعُوْذُ بِعِزَّتِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ

۱۴۵۶	۱۴۶۱	۱۴۶۰
۱۴۶۳	۱۴۵۹	۱۴۵۵
۱۴۵۸	۱۴۵۷	۱۴۶۲

برائے فرمانبرداری

اولاد ۔ زوجہ ۔ لونڈی ۔ غلام وغیرہ

اتوار کے دن صبح ۶ تا ۷ بجے کے درمیان ۲۱ عدد نقش لکھیں
ہر روز ایک نقش دھوکر پلائیں ۔ یا کھانے میں سالن میں ڈال کر کھلائیں
انشاء اللہ جلد تابعداری عمل میں آئے گی ،

۷۸۶

۱۴۵۸۳	۱۴۵۷۵	۱۴۵۸۰
۱۴۵۷۷	۱۴۵۷۹	۱۴۵۸۲
۱۴۵۷۸	۱۴۸۴	۱۴۵۷۶

شرف مشتری یا نقش پڑھ کر

ح	ف	ی	ظ
ی	ظ	ح	ف
ظ	ی	ف	ح
ف	ح	ظ	ی

۷۸۶ ۔ ۹۲

یا دائم یا قائم
یا حی یا طٰہٰ
یا مقیت یا حبیب
یا رب الہذ یا بدیع

ان دو نقشوں کو
چاندی کی انگوٹھی پر نقش کرے اور اسکے عدد کا
دفق بنائے اور انگوٹھی کے نیچے رکھے ۔

۷۸۶ - ۴۹۲

رد سحر

یا دافع

۱۷۶۹	۱۷۶۱	۱۷۶۶
۱۷۶۳	۱۷۶۵	۱۷۶۸
۱۷۶۴	۱۷۷۰	۱۷۶۲

یادافع البلیّات آسیب ۔ کثرت ۔ کرتوت
ونظرِ بد وامراضِ جسمی والارواح خبیث باطل شود

بحق ۶۲۷۹۱
یادافع یادافع یادافع

زبان بندی :

۴۹۲	۴۹۴	۴۸۹
۴۸۸	۴۹۲	۴۹۶
۴۹۵	۴۹۰	۴۹۱

ا محمد صرد سا منطبعر کلموھ
بستم عقل وھوش وزبان فلاں بن فلاں
فی حق فلاں بن فلاں العجل العجل العجل
الوحا الوحا الوحا الساعۃ الساعۃ

پانی کے گھڑے کے نیچے آلے میں دفن کرکے اوپر گھڑا پانی کا رکھ دیں

نقش روز چہارشنبہ صبح ۶ ۔ ۷ ۔ ۱ ۔ ۲ اور دوپہر نقش لکھنا

برائے دفع دردِ سر و بخار :

نقشِ ذیل کو لکھ کر سر پر باندھیں ۔

اور بخار کے لئے بھی لکھ کر گلے میں باندھیں ۔ انشاء اللہ فائدہ ہوگا ۔

۷۸۶

۶	۸	۱
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقش برائے حصولِ روزگار

اللہ لطیف بعبادہٖ سے قوی العزیز کا نقش

۷۸۶

۴۴۳	۴۳۸	۴۴۶
۴۴۵	۴۴۲	۴۴۰
۴۳۹	۴۴۷	۴۴۱

۱۳۲۷

آیتِ قطب کی تعویذ ہر مقصد کے لئے :

۷۸۶

۷۴۰۸	۷۴۰۳	۷۴۱۱
۷۴۱۰	۷۴۰۷	۷۴۰۵
۷۴۰۴	۷۴۱۲	۷۴۰۶

برائے ہول و گھبراہٹ :

(۱۴) ۹۹۶	(۳) ۱۱۱	(۶) ۱۱۴	(۱) یاحافظ
(۵) ۱۱۳	(۹) ۹۹۰	(۱۳) ۹۹۵	(۴) ۱۱۲
(۸) ۹۱۱	(۱۵) یاقوی	(۱) ۱۰۸	(۱۲) ۹۹۴
(۲) ۱۰۹	(۱۱) ۹۹۳	(۱۰) ۹۹۲	(۷) ۱۱۵

اسم پاک حضرت سید احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ
ہر کام کے لیئے سفید لکھ کر دیں۔

۷۸۶

۲۹۶	۲۹۱	۲۹۸
۲۹۷	۲۹۵	۲۳
۲۹۲	۲۹۹	۲۹۴

۸۸۵

کاروبار چلنے کیلئے : بکری خوب ہوگی کاروبار خوب چلے گا۔

جمعہ کے دن صبح ۷ بجے مشتری کی ساعت میں تعویز لکھیں یا جمعہ کے دن ۱۱ بجے مشتری کی ساعت میں لکھیں۔

۷۸۶

۳۲۰۵	۳۲۰۴	۳۲۱۰
۳۲۱۱	۳۲۰۶	۳۲۰۲
۳۲۰۳	۳۲۰۹	۳۲۰۷

راستہ ←

ناف کے ٹلنے پر : اس منتر کو ۷ مرتبہ پڑھ کر پیٹ پر ناف پر پھونکیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ط لا الٰہ کوٹ الا اللہ کی کائی فلاں ابن فلاں کا ناف گولہ ٹھکانے پر لا حضرت علی کی چوکھی محمد رسول اللہ کی دُھائی۔ فقط

برائے ہاضمہ : نہایت مجرب ہے اگر کسی کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو اور دردِ شکم رہتا ہو تو یہ

منتر پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پڑھے۔

" اجرایت بجرایت ہضم کرے پیٹ کا بھات دُہائی حضرت شاہ قطب عالم پنڈوی کی "

اول آخر ۱۱ — ۱۱ مرتبہ دُرود پڑھو۔

فتوحات کے لیئے

قرض کی ادائی اور فتوحات کے لیئے حسبِ ذیل دُعا کو ۱۰۰ بار پڑھیں ۔ یا جس وقت بھی چاہیں طاق عدد میں پڑھ سکتے ہیں ۔

یا وَهَّابُ هَبْ لِي مِنْ نِعْمَةِ الدُّنيا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔

شفائے کلی

درد کے مقام پر اول و آخر دُرودِ شریف پڑھ کر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ بِسْمِ اللہِ وَ بِاللہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ اَيُّهَا الْوَجَعُ بِاللہِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا غَفُوْرًا ۔ وَصَلَّى اللہُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ ۰

(اَيُّهَا الْوَجَعُ کی جگہ درد کی نفی کا خیال کریں)

نقشِ خاص

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللہُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

براۓ حفاظت و فتوحات

۲۶۸	۲۶۲	۲۷۰
۲۶۹	۲۶۷	۲۶۴
۲۶۳	۲۷۱	۲۶۶

برائے دفع ہول وگھبراہٹ : لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

پانی پر ے مرتبہ دم کر کے مریض کو پلائیں۔
اور اس نقش (لاحول ولا تا آخر) کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔
یا طشتری پر لکھ کر اخلاج کے مریض کو پلائیں۔

۷۸۶

۶۳۸	۶۳۲	۶۴۰
۶۳۹	۶۳۷	۶۳۴
۶۳۳	۶۴۱	۶۳۶

رجب کا نقش :

برائے ہر دلعزیزی اس نقش کو ۴ ماہ رجب بعد نماز فجر تیار کر کے اپنے نزدیک رکھیں ہر کام میں کامیابی اور ہر کس و ناکس مہربان ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۴۱۱۰	۴۱۰۵	۴۱۱۲
۴۱۱۱	۴۱۰۹	۴۱۰۷
۴۱۰۶	۴۱۱۳	۴۱۰۸

برائے دفع قے و پاخانے وغیرہ :

خصوصاً ہیضہ کے دفع کے لئے تیر بہدف مجرب المجرب نقش لکھ کر گلے میں ڈالیں ۔

١٢٠٦	١٢٠١	١٢٠٨
١٢٠٧	١٢٠٥	١٢٠٣
١٢٠٢	١٢٠٩	١٢٠٤

برائے حُب

آیت يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ سے آخر حُبًّا لِلّٰهِ کو ۷ سات بار پڑھ کر نقش پر دم کریں تو محبت کیلئے مجرب المجرب ہے وہ آیت یہ ہے ۔

٧٨٦

١٢٨	١٢٣	١٣٠
١٢٩	١٢٧	١٢٥
١٢٤	١٣١	١٣٦

یا قوی

۷۸۶ - ۴۹۲

نقشِ حوّا

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

نقشِ حوّا کو اوقاتِ ذیل میں لکھیں تو زود اثر ہو
ہمہ مقصد کے لئے

۱ ۔ بروزِ جمعرات مشتری کی ساعت میں ۶ تا ۷ بجے صبح لکھ

۲ ۔ ، جمعہ زہرہ کی ساعت میں ۱۰ تا ۱۱ بجے دن

۔ ، ہفتہ زحل کی ساعت میں ۷ تا ۸ بجے صبح

۴ ۔ ، اتوار شمس کی ساعت میں ۱۱ تا ۱۲ بجے دن

۵ ۔ ، پیر قمر کی ساعت میں ۸ تا ۹ بجے صبح

۶ ۔ ، منگل ، مریخ کی ساعت میں ۱۲ تا ۱ بجے دن

۷ ۔ ، چہار شنبہ ، عطارد کی ساعت میں ۹ تا ۱۰ بجے ب

آخری چہار شنبہ کے عمل اور نقش :

بطورِ زکوٰۃ نقشِ ذیل کو لکھ کر سیّد تا حضرت
نے نام سے فاتحہ دیں پھر تعویذ کو اپنے بازو پر باندھیں
محفوظ رہیں گے ۔

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرّحیم

۱۰۴۸	۱۰۴۳	۱۰۵۱
۱۰۵۰	۱۰۴۷	۱۰۴۵
۱۰۴۴	۱۰۵۲	۱۰۴۶

برائے فتح: فتح و کامیابی کے لئے سورۃ فتح کی پہلی آیت کا نقش یہ ہے

نقشِ غوثوی ۱۱۱

۷۸۶

۴۱۲	۴۰۷	۴۱۴
۴۱۳	۴۱۱	۴۰۹
۴۰۸	۴۱۵	۴۱۰

ربنا الرحمن المستعان

+ ۱۲۲۳

مقصود

۱۲۳۳

بچوں کے دانت آسانی سے نکلیں: بچوں کے دانت آسانی سے نکلنے کے لیے نقش ذیل لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں۔

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

۷۸۶ ۔ ۵۹۲

برائے حفاظت: انجانی مرغی کے انڈے پر نقش لکھ کر صحن میں دفن کریں۔ نہایت مجرب ہے

اَجِبْ

یا طِطہال بحق بادِیُ الحقُّ ۲ بار پڑھ کر نقش لکھیں

خواب میں ڈرتے ہوں تو یہ تعویذ گلے میں ڈالے

۳۸

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لا الٰہ الا اللہ محمد شفیع اللہ

۹۰۵۳۱۵	۹۰۵۳۰۸	۹۰۵۳۱۳
۹۰۵۳۱۰	۹۰۵۳۱۲	۹۰۵۳۱۴
۹۰۵۳۱۱	۹۰۵۳۱۶	۹۰۵۳۰۹

۲۷۱۵۹۳۶

برائے تسخیر

۷۸۶

۷۹۷۴۳۸	۷۹۷۴۳۰	۷۹۷۴۳۶
۷۹۷۴۳۲	۷۹۷۴۳۵	۷۹۷۴۳۷
۷۹۷۴۳۴	۷۹۷۴۳۹	۷۹۷۴۳۱

جمع

۲۳۹۲۳۰۴

ہر نقش کے اوپر آیتِ ذیل پڑھ کر دم کریں

بسم اللہِ الرحمٰنِ الرحیم ۰ یا مسخرَ السمٰوٰتِ والارضِ یا احدُ یا صمدُ
برحمتک یا ارحم الراحمین

۳۸ بار نقش پہ دم کریں اور اہلِ غرض کو دیں

نیز ۳۸ عدد کالی مرچ پر ایک بار دم کر کے انگاروں میں ڈالیں اسی طرح کے ہر آیت کے ساتھ یہ بھی پڑھ لیں۔
فلاں بنت فلاں درہر کس و ناکس میری محبت میں بیقرار ہو کر میرے ہم خیال ہو جائے۔ فقط

برائے محبت زبان بندی فی العین کے نام نیچے لکھے جائیں

٩	١٢	١٥	٢
١٤	٣	٨	١٣
٤	١٧	١٠	٧
١١	٦	٥	١٦

فلاں بن فلاں کے زبان
زبان فلاں بن فلاں

برائے محبت گھول کر پلائیں

یا شفیع

یا بدوح

یاحافظ یاحفیظ ٧٨٦ یارقیب یاوکیل

٤٦٤	١٤٣	١٤٤	٤٥٧
١٤٣	٤٥٨	٤٦٣	١٤٣
٤٥٩	١٤٦	١٤١	٤٦٢
١٤٢	٤٦١	٤٦٠	١٤٥

برائے قوت باہ کمر میں باندھیں یا لکھ کر پلائیں۔

بواسیر کا نقش

یاحافظ یاحفیظ ٧٨٦ یارقیب یاوکیل

٨	١٢	١٤	١
١٣	٢	٧	
٣	١٦	٩	٦
١٠	٥	٤	١٥

کمر میں باندھیں

یہ ۵۱	یہ ۵۸	۲	۷
۶	۳	یہ ۵۵	یہ ۵۴
یہ ۵۸	یہ ۵۲	۸	۱
۳	۵	یہ ۵۳	یہ ۵۶

(حیض) خون جاری ہو تو بند کرنے کے لئے
اِس نقش کو کمر پہ باندھیں۔

دوکان پر زیادہ گاہک آنا ہو تو یہ نقش لگاؤ
یا کونے میں گاڑ دیں۔

۷۸۶ ـ ۹۲ م

۱۳۴۱	۱۳۴۴	۱۳۴۸	۱۳۳۴
۱۳۴۷	۱۳۳۵	۱۳۴۰	۱۳۴۵
۱۳۳۶	۱۳۰۰	۱۳۴۲	۱۳۳۹
۱۳۴۳	۱۳۳۸	۱۳۳۷	۱۳۴۶

زبان بندی کے لیے
نقش تیار کر
پتھر اس کے اوپر رکھیں۔

۷۸۶

۱۶۵۶	۱۶۵۱	۱۶۵۸
۱۶۵۷	۱۶۵۵	۱۶۵۳
۱۶۵۲	۱۶۵۹	۱۶۵۴

بسم زبان فلاں بن فلاں
علی حب فلاں بن فلاں

۷۸۶ - ۹۲ م

نقش ہشت نگری :

بعد نمازِ عشاء چار رکعت نماز ایک سلام سے پڑھے اور ہر رکعت میں ۱۲ مرتبہ آیۃ الکرسی اور تین۳ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھا جائے۔ بعد فراغتِ نماز صرف (۲۰۰) مرتبہ اَللّٰھُمَّ پڑھے پھر اس نقش کو دروازہ کو مشک و زعفران سے لکھے۔ تو اللہ غیب سے خرچ پورا ہوگا۔ بانجھ عورت کو لکھ کر صاحبِ اولاد ہو۔ اور بیمار کو دیں تو شفا ہو۔

عمل تسخیر

پہلی جمعرات سے عمل شروع کریں۔ روزانہ ۱۲۱ مرتبہ پڑھا کریں۔

حق موہنی لا الٰہ الا اللّٰہ
جگ موہنی محمد رسول اللّٰہ ۔ تسخیر الحمد للّٰہ ۔
کائنات فریفتہ ہو ۔ یا دوران بادشاہ ۔
سات ستارے بارہ برج ۔ امروزہ جیسے شمع چراغ الفت ۔
تیل بلقیس پروانے زلیخا ۔ یا اللّٰہ ہر قوم کا دل موم کرو ۔
یا نبی رسول اللّٰہ کھولو میری روزی ۔
(کھولو فلاں کی روزی)
کھولو میرے روزگار ، رزق خود اُڑ کے پہونچتا ہے جو تقدیر کا ہے ۔
پُر دیئے ہیں میرے رزاق نے ، ہر ذرہ کو میسّر ہو بے حساب ۔
یا اللّٰہ یا کریم یا غفور رحیم
تو مالک ہے تو ستار ہے تو غفار ہے ۔
میاں میرا نام عاصی گنہگار ہے ۔ فضل کر دے میرے حال پہ ۔
یا ربّ العالمین یا رحمت اللعالمین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

برائے محبت یا زبان بندی روزانہ ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھیئے ۔

دستگیران دستگیری کیجیئے ۔ اس جہاں میں آبرو رکھ لیجیئے ۔
شاہِ من گر سلطانِ عالم ، سید احمد کبیر ہر بلا را رد کنند ۔
یا غوثِ اعظم دستگیر رضی ۔
فلاں کو گرویدہ کرو ۔ فلاں کی زبان بند کرو ۔

۷۸۶ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۴۹۲

وِردِ غوثی

جو بھی مقصد ہو پیشِ نظر رکھکر حسب ذیل ۲۰ اسمائے باری کو پڑھکر دعا کریں جمعرات سے عمل شروع کریں جبتک مقصد پورا نہ ہو جائے روزانہ بعد مغرب یا عشاء کے سات مرتبہ پڑھتے رہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْحَرِیْصِ لَنَا وَاٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ۔

* یَا اَللّٰہُ یَا قَدِیْرُ — یَا قَادِرُ یَا مُقْتَدِرُ
* یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ — یَا دَائِمُ یَا قَائِمُ
* یَا رَبُّ ذُو الْجَلَالِ — یَا رَبِّ لَا زَوَالِ
* یَا رَبُّ الْعَطَایَا — یَا غَافِرُ الْخَطَایَا
* یَا رَحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ — یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ
* یَا عَزِیْزُ یَا وَہَّابُ — یَا غَفُوْرُ یَا تَوَّابُ۔
* یَا سَمِیْعُ یَا عَلِیْمُ — یَا وَاسِعُ کَرِیْمُ
* یَا رَؤُفُ یَا رَحِیْمُ — یَا عَلِیُّ یَا عَظِیْمُ
* یَا رَافِعُ الدَّرَجَاتُ — یَا مُجِیْبُ الدَّعْوَاتُ
* یَا حَلِّ الْمُشْکِلَاتُ — یَا مُنَزِّلُ الْبَرَکَاتُ

* يَا حَيَّ الحَرَكَات — يَا قَائِمُ السَّمٰوَات
* يَا دَافِعُ الْاَمْرَاضِ — يَا شَافِعُ الْاَمْرَاضِ
* يَا مَعْبُوْدُ يَا مَقْصُوْدُ — يَا مَوْجُوْدُ يَا مَشْهُوْدُ
* يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ — يَا فَرْدُ يَا وَاحِدُ
* يَا نُوْرُ الْاَنْوَارِ — يَا سِرَّ الْاَسْرَارِ
* يَا مَلِكُ الْعَلَّامُ — يَا دَاعِيُ السَّلَامِ
* يَا مُسَبِّبُ سَبَّبْ — يَا مُفَتِّحُ فَتِّحْ
* يَا مُسَهِّلُ سَهِّلْ — يَا مُفَرِّجُ فَرِّجْ

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ۝

از: مولانا غوثوی شاہ

درود غوثوی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اِنَّ لَحَرِیْصٌ لَّنَا دُوْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُفٌ رَّحِیْم وَ

★ وَفِیْ ذَاتِہِ الْاَقْدَسِ ہٗ اَلْکِتَابُ لَارَیْبَ فِیْہِ ھُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ۔

★ وَاِنَّہٗ اَعْیُنُکَ اِسْمُہٗ شَانُکَ جِسْمُہٗ مِرْآءُتُکَ وَقَلْبُہٗ عِلْمُکَ وَاعْیُنَاہُ تَجَلِّیَاتُکَ وَنُطْقُہٗ لِسَانُکَ وَرَاسُہٗ عَرْشُکَ وَیَدَاہُ قُوَّتُکَ وَقَدْرُکَ وَلِبَاسُہٗ بَشْرًا رَّسُوْل۔

★ وَفِیْ صِفَاتِہِ بَشِیْرًا نَذِیْرًا وَسِرَاجًا مُّنِیْرًا۔

★ وَفِیْ کَمَالِہٖ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی وَرَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَخَاتَمَ النَّبِیِّیْنَ۔

★ وَمَقَامُہٗ یَوْمَ الدِّیْنِ مَقَامًا مَّحْمُوْدَہ۔

★ وَصَلِّ عَلٰی مُبَارَکَ اَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرَاھِیْمَ خَلِیْلُکَ۔

عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمُکَ وَصَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِکَ سُبْحَانَکَ اَللّٰھُمَّ بِحَمْدِکَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْد۔

★

۷۸۶ - ۶۹۲

یا قوی

از :-
الحاج مولانا غوثوی شاہ
(خلف و جانشین حضرت مولانا صحوی شاہ رح

جوازِ فاتحہ

حکمِ فاتحہ ★ حدیث صحیح طبرانی نے اوسط میں حضرت سعد ابن عبادہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میت کے نام پر فاتحہ دو۔ وَلَوْ بِکُوَاعِ شَاۃٍ مُحْرَقَۃٍ اگرچہ کہ وہ جلے ہوئے کھُرے ہی پر ہوں۔

★ اسی طرح ابنِ ابی الدنیا مشہور محدِّث نے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

سُنّتِ فاتحہ : "طعامِ موجودہ پر مُردوں کو فاتحہ دو" حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہٗ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلعم نے اپنے روبرو کھانا رکھ کر فاتحہ دی اور اس کا ثواب مُردوں کو پہونچایا (شرح برزخ امام ابوسعید سلمی) معلوم ہوا کہ فاتحہ کا دینا اور دلانا سُنّتِ رسولؐ ہے اور اس سے انکار موجب گناہ ہے۔ کیا کوئی سمجھدار مسلمان اس حدیث کا انکار کرسکتا ہے؟ نہیں ہرگز نہیں۔ حدیث کا انکار "کفر" ہے

جوازِ چہلم : مشہور محدّث ابن ابی الدنیا اور جامع الخلال نے

نے حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ضرور ہے میت کے لئے سات روز تک اور سات روز سے چالیس روز تک فاتحہ دیں اس لئے کہ میت کی روح ان ایام میں گھر تک آتی ہے اور فاتحہ و ایصالِ ثواب کی منتظر رہتی ہے۔

طریقہ فاتحہ: حدیث صحیح میں وارد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادہ حضرت ابراہیمؑ کی وفات کے تیسرے دن حضرت ابوذر صحابیؓ نے چند سوکھے کھجور اور دودھ جس میں جَو کی روٹی چوری ہوئی تھی حضورؐ کے سامنے لاکر رکھ دیئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ فاتحہ اور تین قُل ھُوَ اللہ پڑھ کر فاتحہ دی اور پھر اپنے دونوں ہاتھ چہرۂ مبارک پر پھیر لئے پھر حکم دیا کہ ابوذرؓ اس کو لوگوں میں تقسیم کر دو (اس حدیث کو ملا علی قاری رح محدث نے بیان کیا) الحمد للہ کہ اس حدیث سے طریقہ فاتحہ کا جواز بھی نکل آیا۔ آپ تفصیلی معلومات فراہم کرنا چاہتے ہوں تو حضرت احمد یار خاں صاحب رح کی کتاب "جاء الحق" اور حضرت مولانا صوفی شاہ صاحب رح کی "بدعتِ حسنہ" اور "ردِّ منافقت" پڑھیئے۔

جوازِ زیارتِ قبور: "شرح برزخ" میں حضرت مسلم بن بریدہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو یہ سکھایا کہ جب قبرستان کی طرف نکلو تو کہو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللہُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ نَسْئَلُ اللہَ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ ۝ یا یوں کہئے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللہُ لَنَا وَلَکُمُ الْعَافِیَۃَ ۝ اور لکھا ہے کہ جب آپ شہدائے بدر کے پاس ہر سال جاتے تو فرماتے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ۝ اور آپ ہر چہارشنبہ کو شہدائے احد کے پاس جاکر دعائے مذکور پڑھتے۔

گلزارِ ہست و بود نہ بیگانہ وار دیکھ ہے دیکھنے کی چیز اسے بار بار دیکھ

ہاں یہہ سب جائز ہے۔

- بدعت حسنہ • فاتحہ • میلاد • آثارِ مبارک • یا محمدؐ یا غوثؓ کہنا •
- عرس • قوالی • تصورِ شیخ • زیارتِ قبور • بیعت • قدم بوسی •
- ذکر و مراقبہ فیضانِ قبور • اہتمام عرس اور تعین تاریخ •
- عورتوں کے لئے جوازِ زیارتِ قبور • بوسۂ قبور • استعانت بالاولیاء •
- سلام مع قیام وغیرہ •

تفصیلات کے لئے پڑھئے کتاب جو بارِ سوم جلوہ ریز ہو چکی ہے۔

بدعت حسنہ

جسکو قرآن حدیث اور مستند حوالوں کیساتھ امام المحققین قطب الارشاد الحاج حضرت مولانا صحو شاہ صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ نے ترتیب و تالیف فرمایا ہے جو بتیس ۳۲ سال سے ہندو پاکستان کے علماء و عرفا عوام اور خواص میں بے حد مقبول ہوتی جارہی ہے